رہائش کا سفر

جب ہم آپ کے گھر پر کام کرتے ہیں، تو آپ کیا توقع رکھی جائے۔ اس طرح کے ہاؤسنگ منصوبے حکومت کے 2050 تک مضرمواد کے اخراج کے خالص صفر تک پہنچنے کے ہدف میں مدد کر رہے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں اور توانائی کے بل بڑھ رہے ہیں، لیکن ہم ان چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے مل کر کام کر سکتے ہیں۔ ایک ریٹروفٹ ریذیڈنٹ لیزان آفیسرآپ سے رابطہ کرے گا اور آپ کو کام کے دورانیوں اور انسٹالیشن کے حوالے سے تمام مطلوبہ تفصیلات سے آگاہ کرے گا۔

سروے اور تشخیص

آپ کو ہمارا ویلکم پیک فراہم کیے جانے کے بعد، ایک مستند ریٹروفٹ پروفیشنل آپ کی پراپرٹی پر آئے گا اور آپ کی پراپرٹی میں استعمال ہونے والی توانائی کی حالیہ کارکردگی کی تشخیص اور تعین کرنے کے لیے وہ چند سروے انجام دے گا۔ اس میں ایک ابتدائی EPC - یعنی انرجی پرفارمنس سرٹیفکیٹ کے علاوہ ایک پری انسٹالیشن بلڈنگ معائنہ بھی شامل ہو گا۔ ہم آپ کے ساتھ توانائی کے استعمال کے حوالے سے آپ کی کسی بھی تشویش پر تبادلہ خیال کریں گے اور آپ کی جانب سے توانائی کے لیے آپ کے حالیہ طور پر ادا کیے جانے والے اخراجات پر بھی بات چیت کریں گے۔

پورے گھر کا منصوبہ اور ڈیزائن تیار کرنا

مرحلہ 1 میں تفصیلات موصول ہونے پر، ہم توانائی کے مؤثر اقدامات مثلاً لوفٹ انسولیشن، کیویٹی وال انسولیشن، LED لائٹنگ وغیرہ کی تنصیب کے لیے ایک ایسا ڈیزائن تیار کرتے ہیں، جو آپ کی پراپرٹی میں توانائی کے استعمال کو کم کرتا ہے۔ نئی اصلاحات کی تنصیب سے توانائی کے استعمال میں کمی آئے گی اور سردیوں میں آپ کی پراپرٹی کے اندر درجہ حرارت یعنی گرمی میں اضافہ ہو گا۔ آپ کی پراپرٹی میں توانائی کے استعمال کو زیادہ مؤثر بنانا، آپ کے پیسے بچانا اور آپ کے گھر کو زیادہ آرام دہ اور گرم بنانے میں مدد کرنا۔

آپ کی توانائی کے مؤثر استعمال کے لیے بہتریاں عمل میں لانا

ایک بار منصوبہ اور ڈیزائن تیار ہو جانے کے بعد، ایک ریٹروفٹ ریذیڈنٹ لیزان آفیسر آپ سے رابطہ کرے گا اور کام کے آغاز کی تاریخوں، لگنے والے وقت کی مدت اور انسٹالیشن کے حوالے سے دیگر تمام تفصیلات سے آپ کو آگاہ کرے گا۔ نئی بہتریاں ہمارے ہنر مند اور دوستانہ ماہر افراد انجام دیتے ہیں جو ہمارے مجوزہ کاموں کو مؤثر اور محفوظ طریقے سے مکمل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

تکمیل اور تشخیص

انسٹالیشن مکمل ہونے کے بعد، ایک ریٹروفٹ پروفیشنل انسٹالیشن کے بعد ایک سروے کرے گا، تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ توانائی کا مؤثر کام ڈیزائن کے مطابق مکمل ہو گیا ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کو مکمل فوائد حاصل ہوں، ایک ریٹروفٹ ریذیڈنٹ لیزان آفیسر آپ کے ساتھ مل کر ان بہتریوں پر کام کرے گا اور اس معلومات کے ساتھ ہمارا ہینڈ اوور پیک فراہم کرے گا۔ یہ ہمارے لیے اہم ہے کہ ہم ہر انسٹالیشن سے سیکھیں۔ آپ کے لیے اپنے تجربے اور تاثرات کا ہمارے ساتھ اشتراک کرنے کا ایک موقع ہو گا اور ہم ان تجاویز کا خیرمقدم کریں گے جو آپ محسوس کرتے ہیں کہ مستقبل کی تنصیبات میں مفید ہو سکتی ہیں۔

CLC CONTRACTORS

accent

آپ کے گھر کو بہتر بنانے کے لیے شراکت داری میں کام کرنا

firas

GAS safe REGISTER

SafeContractor APPROVED www.alcumusgroup.com

British Assessment Bureau UKAS PRODUCT CERTIFICATION 8289 PAS 2030 GREEN DEAL

tsi APPROVED CODE TRADINGSTANDARDS.UK

CHAS Accredited Contractor CHAS.co.uk

TENANT ENGAGEMENT EXPERTS tpas member 2023-2024

NICEIC APPROVED CONTRACTOR

TRUSTMARK Government Endorsed Quality

RECC RENEWABLE ENERGY CONSUMER CODE

Qualitymark. protection ACCREDITED

CLC CONTRACTORS

accent

آپ کے گھر کو بہتر بنانے کے لیے شراکت داری میں کام کرنا